(۳۴)۔ سورتھ ورما۔ اس چترونشی راجہ کا راج ساری دنیا میں تھا۔ راجدھانی۔ انارت یعنی بھوج (ریاست کچھ) تھی دیکھو اسکند پوران ہاٹکیشور مہاتم تیسرا پرکشید مہاکاسور پڑے کا پانچی مہاتم ادھیائے ۱۱۴۔ پتر ۱۴ لیماکنٹ سے پوران دلوی مہاتم

(۳۵)۔ کوشل یعنی سلطنت اجودھیا۔ دیکھو۔ ہسٹری سپالوجی از بابو کاشتا پرشاد۔ (کاشی) صفحہ ۲۳

(۳۶)۔ لنکا۔ دیکھو کایستھ اتھنالوجی از رائے صاحب پنڈت نگیشار ناتھ باسو صفحہ ۶۵

(۳۷)۔ سلطنت مگدھ کے شیس ناگ اور نند نامی شاہی خاندان ناگ ونشی چھتری تھے۔ ان چھتریوں کی بابت پنڈت کاشی داس اپنی آدھنا کی نامی تاریخ میں لکھتے ہیں کہ ہندوستان

ہین آٹھہ ناگ خاندانون کو تو ہر ایک جانتا ہی یہ جملہ خاندان مہاراج چندر گپت کی اولاد سے ہین اور ناگ دیوتاؤن کو پوجتے ہین یہ لوگ ہمیشہ سے مالدار و معزز ہوتے چلے آئی ہین۔ اور اکثر وائسرائے یا نائب السلطنت ہوتے رہے ہین انکی عظمت و شہرت وغیرہ کے حالات لکھنا معمولی کام نہین جنھون نے پورانون کو دیکھا ہے وہ ویاس جی کے قصے سے بخوبی واقف ہونگے ان ناگون نے تمام شمالی ہندوستان کو فتح کیا تھا اور اپنی بادشاہتین۔ مگدہ۔ ناگپور۔ ہردوار۔ متھرا اور کشمیر مین قائم کی تھین۔ ان خاندانون کے بہت سے بادشاہ دنیا مین بڑی امن امان سے حکومت کرتے رہے۔" دیکھو

رائل ڈائنیسٹیز آف بنگال جلد اول۔ از رایبضا پنڈت نگیندر ناتھ باسو۔ کلکتہ۔

علاوہ مندرجہ بالا ناگ خاندانون کے مگدہ پر نندا یا سنگھ۔ اندھر گپت۔ پال نامی کا خاندانون نے حکومت کی ہے دیکھو۔ چیتر ونش ترنے از بابو کامتا پرشاد (کاشی) حصہ دوم صفحہ ۱۶۵ لغایت ۱۷۳۔

ہسٹری انٹی کوئٹی اٹ سیٹرا آف ایسٹرن انڈیا بائی مسٹر ہم۔ مارٹن۔ جلد اول صفحہ ۲۸ لغا اور جلد دوم صفحہ ۲۱ لغایت ۲۳۔ اتھنوگرافیکل نوٹس آن سی۔ کے۔ پربھوز (پونا) صفحہ لغایتہ ۱۹ و سوشل ہسٹری آف کامروپ از رای صاحب پنڈت نگیندر ناتھ باسو جلد اول آئین اکبری۔ سیر المتاخرین وغیرہ

کابل کی حکومت کے متعلق۔ دیکھو کائستھ سر وسو گرنتھ از پنڈت دیوی چندر شاستری جو اور چیتر ونش ترنے حصہ دوم صفحہ ۱۲۰ لغایت ۱۵۴

(۳۸) سرزمین بنگ یعنی بنگال کے تمام تاجداران کایستھ نسل سے تھے۔ دیکھو
رائل ڈائنیسٹیز آف بنگال جلد اول اور آئین اکبری وغیرہ

کشمیر کے حکمرانون کی فہرست کے لیئے دیکھو چیترونش ترنے جلد دوم صفحہ ۲۵ لغایتہ ۱۱۹

(۳۹) کاشی۔ دیکھو چیترونش ترنے حصہ دوم صفحہ ۴ ۔ لغایتہ ۹ ۔ اور ڈائجیسٹ آف ہندو
لا بائی سٹرینج۔ کولبروک جلد اول ۱۷۹۶ء دیباچہ صفحہ ۱۹۔

اجین۔ دیکھو۔ منتخب تنقیح الاخبار صفحہ ۵۹

(۴۰) منتھرا۔ ناگ راجگان کی راجدھانی تھی بعد کو شنر پا و پال راجگان کی جائے
حکومت رہی۔ دیکھو رائل ڈائنیسٹیز آف بنگال جلد اول

کیلاش۔ پریالمپک کایستھون اور مدراس کے چترگپت نشیون نے راج کیا ہے۔ راجہ
کورم کایستھ نسل سے تھا۔ دیکھو

آوتینہ لپورانم از لیس۔ یم۔ پلئے۔ اور ہسٹری کار نیکا پورانم۔ از یم۔ اے۔ پلئے اور کایستھ
سروسو گرنتھ وغیرہ۔

(۴۱) ناگپور۔ کایستھ ناگ راجون کا پایہ تخت تھا۔ دیکھو رائل ڈائنسٹیز آف بنگال جلد (۱)
کونکن۔ مہاراشٹر دیش مین ۹ کایستھ راجاؤن نے حکومت کی ہے دیکھو کایستھ سروسو گرنتھ
صفحہ ۴۷۳ وغیرہ۔

ہندوستان کئی مرتبہ کایستھ راجگان کے ماتحت رہا ہے۔ اول مہاراجہ دیوپال۔ دوم مہاراجہ
للتادت یکتاپیڈ کے عہد مین دیکھو تاریخ لبتھ برج صاحب۔ مکمل تاریخ کشمیر حصہ اول صفحہ ۱۷۱ لغایتہ ۱۹۴

(۴۴)۔ بحوالہ شعر ۳۷

(۴۵)۔ دہلی ۔ دیکھو تاریخ قدیم آریہ ورت مطبوعہ پہلی بھیت صفحہ ۷۷ لغایت ۸۷۔ اور تاریخ پنج ہزار سالہ ۔ اور چتر ونش نرنے حصہ دوم صفحہ ۹ لغایت ۲۰

ہرداار ۔ بحوالہ شعر ۳۷ ۔

(۴۶) ۔ ریاست نیپال ۔ مین راجگان ازاولاد انسو ورما اور کرانتی قوم کے حکمران کایستھ نسل سے تھے ۔ دیکھو دی بامبے (بمبئی) کا یستھ پربھو از راؤ بہادر بی ۔ اے گپتے اور انتھنوگریفیکل ہینڈ بک فار نارتھ ویسٹ پراونس اینڈ اودھ بائی ولیم کروک صفحہ ۱۷۶ سوشل ہسٹری آف کامروپ جلد اول ۔ اور بی ۔ ایچ ہڈسن میسلینیس ای سینر جلد اول ۲۹ اندہیر ۔ شاہان اندہیر کا یستھ فرقون ۔ کرن ۔ گوڑ ۔ شکسینہ مین سے تھے ۔ دیکھو ہرسہ کا ذکرہ ہسٹری اینٹی کویٹی اِٹ سٹر آف ایسٹرن انڈیا بائی ام ۔ مارٹن جلد اول صفحہ ۲۸ لغایت ۳۲ ۔ اور منتخب تنقیح الاخبار صفحہ ۹ ۵ اور رائل ڈائنسٹیز آف بنگال جلد ا

(۴۷)۔ گجرات ۔ پر مدنون ٹیستر پرمدر سین وغیرہ نے راج کیا ہے ۔ دیکھو رائل ڈائنسٹیز آف بنگال جلد اول ۔

چھیدی کے تمام وزرا وغیرہ کایستھ تھے نیز کٹاک خاندان کے علاوہ دیگر کایستھ خاندان نے بھی اس صوبے پر حکومت کی تھی جس صوبے کو آجکل ممالک متوسط اور برار کہتے ہین اسی کا نام ہندوون کے زمانہ مین سلطنت چھیدی تھا دیکھو رائل ڈائنسٹیز آف بنگال جلد ا ۔ کایستھ سروسو گرنتھ ۔ سوشل ہسٹری آف کامروپ جلد اول وغیرہ ۔

(۴۸) تبت اور لنکا کے راجگان مہاراجہ دیو پال کے ماتحت تھے۔ مہاراجہ للتا دت نے تبت کو فتح کیا تھا۔ نیز تبت کا پہلا راجہ لچھوی نسل سے تھا جسکی ایک شاخ اجتک چند سینی کا یستھ پربھوؤں مین موجود ہے۔ دیکھو۔ تاریخ ہند از لیتھبرج صاحب۔ تاریخ گوڑ کا یستھ از منشی کشوری لال اور مکمل تاریخ کشمیر حصہ اول باب (بمبئی) کا یستھ پربھو از راؤ بہادر بی اے۔ گپتے۔

برہما۔ کے راجگان نے اپنے کو گوتم لچھوی کے خاندان سے بتلایا ہے اور اس ملک کا آخری شاہی خاندان بنگال کے سین کا یستھوں کی نسل سے دکھلایا گیا ہے۔ دیکھو ہسٹری آف برہما۔ از سر فیارے صفحہ ۴۴ لغایت ۵۴

(۴۹)۔ راج بلبھ کا خطاب کا یستھوں کو عطا ہوا تھا۔ دیکھو منا کشر اشلوک ۱۳۲۔ اور رائل ڈائنسٹیز آف بنگال جلد اول

وزیر جنگ و صلح۔ ہمیشہ کا یستھ لوگ ہی ہوا کرتے تھے دیکھو۔ انڈین انٹی کوئری جلد ۵ صفحہ ۵۷۔ اور جرنل ایشیاٹک سوسائٹی آف بنگال حصہ اول صفحہ ۵۔ بابت ۱۸۵۸ء

(۵۳)۔ نا ناجی۔ سوبھٹ۔ آلھو۔ ملک۔ ملا دہر وغیرہ سری واستو یہ کا یستھ تھے اور سلطنت چھیدی یعنی ممالک متوسط اور برار کے چند حکمرانوں کے عہد مین وزرا اور اعلیٰ فوجی افسر رہے تھے۔ مہاراجہ بھوج ورمن کے دربار مین ٹھاکر جاجاک سری واستو یہ کا یستھ چودہ ودیاؤں کا ماہر تھا۔ بعد کو مہاراجہ گنڈ کے وقت مین چیف جسٹس یعنی جج اعلیٰ رہا اسکے لڑکے مہیشتو کو مہاراجہ کرتی ورما نے اپنا کمانڈر انچیف مقرر کیا تھا۔ جاجاک معروف

کے خاندان کا ایک رتن گنگا دھر مہاراجہ پرمار دیو کا سب سے بڑا مشیر اور وزیر تھا۔
گنگا دھر اور اس کا ایک بھائی جنا دھر اپنی لاثانی بہادری کے لیے جو کالنجر کی پہاڑیون
مین ظہور مین آئی تھی زبان زد روزگار مین دوسرا بھائی ملا دھر بھی اُس زمانہ کے
نامور شخصون مین سے ایک تھا۔ اسی خاندان کے ہیرو آلھو اور وسیک بھی تھے آخرالذکر
وسیک نے اپنی بہادری سے اس سلطنت کو عروج پر پہونچا دیا تھا۔ اسی کی اولاد مین
سوجھیٹ نامی بہادر ہوا ہے جس کو مہاراجہ بھوج ورما نے اپنی کل بادشاہت سپرد کر دی
تھی۔ دیکھو۔ ای۔ پی۔ گریفیا انڈیکا جلد اول صفحہ ۳۳۴۔
اسی ملک کے مہاراجہ نرسنگھ دیو کے زمانہ مین ٹھاکر جالھن کایستھ کو مہارانک اور مہاسینیپ
کے اعزاز حاصل تھے اسکے لڑکے کو لھو کو رانک کا خطاب تھا اور اسکے بھائی گنگا دھر نے
ٹھاکر کا اعزاز پایا تھا۔ گنگا دھر کا پوتا ملک جی مہاراجہ کیرتی ورما کا وزیر اعظم تھا۔ دوسرا
پوتا ناناجی مہاراجہ بھوج ورما چندیل کا مہامنتری تھا دیکھو۔ جرنل آف دی ایشیاٹک
سوسائٹی آف بنگال جلد ۶۔ صفحہ ۲۸۸ پلیٹ ۳۸۔ اور آرکیولاجیکل رپورٹس بائی مسٹر کننگھم
جلد ۲۱۔ پلیٹ ۲۸۔ نیز اسی طرح کے دیگر کایستھ علمار اور وزرار کے لیے دیکھو
کایستھ اتھنولوجی از رائے صاحب پنڈت نگیندر ناتھ باسو۔ اور کایستھ سروسو گرنتھہ
(۵۵) ویدسنگھین۔ دیکھو چتروَنش ترنے حصہ دوم صفحہ ۶
(۵۶) بھگدت۔ دیکھو تاریخ گوڑ کایستھ از منشی کشوری لال۔ اور ولیم کروک صاحب
کی ٹرائبز اینڈ کاسٹس جلد سوم صفحہ ۱۹۲

شوپشرما کے خاندانی لوگ تحصیل شاہ آباد ضلع ہردوئی مین موجود ہین - دیکھو ہندو سوشیالوجی صفحہ ۱۸-۱۴-۲۴-۲۹-

(۵۹) راجک لوگ کایستھ تھے اور مہاراجہ اشوک اعظم کے زمانہ مین مختلف صوبجات کے گورنر تھے بعد کو بدھ مذہب کے پیشوا بھی ہوگئے تھے اور ہر پانچوین سال بغرض اشاعت بدھ مت غیر ملکون کو جایا کرتے تھے دیکھو - ای - پی - گریفیا انڈیکا جلد دوم صفحہ ۴۲۵

(۶۱) ناگ ارجن نے تبت وغیرہ مین بذریعہ تالیف کتب بدھ مت کو پھیلایا تھا - دیکھو رائل ڈائنسٹیز آف بنگال جلد اول -

امر سنگھ نے بھی بیشمار بدھ مت کی کتب تالیف کی تھین مگر سوامی شنکر آچاریہ نے سوائے امر کوش اور امر مالا کے سبکو جلا دیا تھا - دیکھو جرنل ایشیاٹک سوسائٹی آف بنگال جلد ۳ صفحہ ۱۸۱ بابت ۱۸۳۲ء

(۶۲) فرقہ شکسینہ کے کایستھ سلطنت اودہ مین وزرا اور فوجی افسر وغیرہ تھے - صوبہ بہار اور اڑیسہ کے صوبہ دار زیادہ تر شکسینہ کایستھ تھے دیکھو - ہندو ٹرائبس اینڈ کاسٹس از مسٹر شیرنگ جلد سوم صفحہ ۲۵۳ لغایتہ ۲۵۴ اور سیر المتاخرین ترجمہ انگریزی جلد دوم صفحہ ۴۵۴ لغایتہ ۴۵۵

(۶۵) آدسور - والئی بنگال کو ماتھر کایستھ لکھا ہے اسنے ہندو مذہب کو پھیلانے کی غرض سے اپنے خسر مہاراجہ ویر سنگھ حکمران قنوج کے یہان سے ۸۸۶ء کے قریب پانچ برہمنون دکش - بھٹ نراین - ہرش - وید گورب اور چندر کو بلوایا تھا جنھون نے چھکڑون مین سفر کیا تھا - انکی حفاظت کے لئے ہمراہ - مکرند گھوش - دسرتھ باسو اور کالیداس متر گھوڑون پر و رانت گوہا پالکی پر

اور پرشوتم دت ہاتھی پر سوار ہو کر گئے تھے جو کہ کایستھ تھے چنانچہ آج تک اونچی ذات کے
بنگالی برہمن اور کایستھ اپنے کو انھیں اشخاص کی اولاد سے بتلاتے ہیں دیکھو۔
کایستھ سرد سو گرنتھ اور ہسٹری آف این شینٹ انڈیا از مسٹر یو۔ ین۔ بل۔ صفحہ ۲۱۔
(۶۶) کایستھ لوگ گجرات۔ آسام۔ دکن وغیرہ میں ہندو مت پھیلانے گئے تھے دیکھو
این شینٹ انڈیا از مسٹر یو۔ ین۔ بل۔ صفحہ ۲۰۶ لغایت ۲۰۷
(۶۷) مہاراجہ للتادت مکتاپیڈ۔ دیکھو مکمل تاریخ کشمیر از منشی محمد حسین صاحب حصہ اول۔
(۷۰) ودیا دیو۔ دیکھو سوشل ہسٹری آف کامروپ جلد اول صفحہ ۲۱۶ لغایت ۲۲۶
(۷۲) ترلوک چندرا جہ نے ٹھاکر نبھہ رائے کایستھ سری واستویہ دوسری کو گود لیا تھا۔ دیکھو
ہندو ٹرائبز اینڈ کاسٹس از مسٹر شیرنگ جلد اول صفحہ ۱۹۶
اسی طرح مہاراجہ بالادت والئے کشمیر نے ۶۰۰ء کے قریب اپنی لڑکی اننگ لیکھا
کی شادی کارکوٹ ونشی کایستھ درلبھ وردھن کے ساتھ کر دی تھی دیکھو
راج ترنگنی از کلہن پنڈت مترجمہ اسٹین صاحب۔ جلد اول کتاب صفحہ ۱۱۵۔ اشلوک ۴۹
مہاراجہ نر نراین والئے آسام نے اپنی دختر نیک اختر کملا کی شادی مادھو دیو کایستھ
سے کی تھی۔ دیکھو۔ ہسٹری آف آسام از مسٹر گیٹ صفحہ ۷۵
(۷۷) اودے کرن۔ دیکھو۔ ین۔ ڈبلو۔ پی۔ گزیٹیر۔ جلد چہارم حصہ اول صفحہ ۲۸۱
بابت ۱۸۷۶ء
(۷۸) چتربھج۔ دیکھو اودھ گزیٹیر جلد دوم صفحہ ۳۷

(۸۰) بنگال کشمیر کابل - وغیرہ کی کایستھ بادشاہتون مین عموماً کایستھ لوگ ہی اعلیٰ عہدون پر رہے تھے اسلئے اُن کو نظر انداز کرنے کے بعد نیز اُن راجپوتی سلطنتون کو چھوڑ کر جن کا ذکر صفحات گذشتہ مین آچکا ہے بقیہ راجپوت حکمرانون کے عہد مین بہت سے کایستھ لوگ جلیل عہدون پر ممتاز رہے ہین - چنانچہ چند مثالین درج ذیل ہین شاکمبری کے راجہ وسل دیو کا دیوان - مادھوگوڑ کایستھ تھا - اجمیر کے راجہ سارنگ دیو کا سپہ سالار کلونت رائی کایستھ تھا - نروڑگڈھ کے راجہ گنپتی ورما کا وزیر دامن ماتھر کایستھ تھا - رن تھمبور کے راجگان جیت سنگھ اور ہمیر دیو کا وزیر اعظم نرپت کایستھ تھا - ریاست اودیپور کے وزیر اعظم بہاری داس وغیرہ پانچولی کایستھ تھے اوڑیسہ کے مہاراجہ پرتاب رودر کا وزیر اعظم راجہ راما نند رائی کرن کایستھ تھا - دکن کے چولا راجگان کے دربار مین بیرج گپت ونشی کرنام فرقہ کے کایستھ زرارا ور کمانڈر انچیف وغیرہ تھے - دیکھو-

این شینٹ انڈیا از مسٹر اینگر صفحہ ۲۶۰ - ٹاڈس راجستھان جلد اول صفحہ ۳۲۹ پرتھی راج راسا از چند بردائی - انڈین ریویو آف اگست ۱۹۲۰ء صفحہ ۵۱۸ لغایت ۵۲۰ وغیرہ

(۸۱) جبکہ ہندو اور مسلمان ایک دوسرے کے خیالات اور حالات کو نہین جانتے تھے اور ہندو لوگ مسلمانون کو ملیچھ کہتے تھے اور اُنسے دور بھاگتے تھے مسلمان لوگ ہندوؤن کو کافر کہتے ہوئے ہر قسم کے ظلم و تعدی اُنپر روا رکھتے تھے نیز جسوقت سکندر لودی بادشاہ دہلی کے درخواست کرنے پر تمام اہلِ ہنود نے راج ودیا یعنی عربی اور فارسی پڑھنے سے انکار کر دیا تھا - اُس وقت صرف کایستھ ہی لوگ تھے جنھون نے حکمت عملی سے کام لیا

اور فارسی عربی کا پڑھنا اختیار کیا اور تھوڑے ہی عرصے مین اپنی خداداد ذہانت سے نہ صرف ان زبانون پر ہی عبور حاصل کیا بلکہ حسن خدمات سے نئے حاکمون کے دلون مین بھی جگہہ کر لی - جلد محض استادون کے ہی اُستاد ہو گئے - بلکہ تمام ملکی - مالی عہدون پر بلا شرکت غیرے ممتاز ہونے لگے اور اسطرح بیشمار موقعون پر ہندوؤنکی قدیم اور اصلی عظمت دکھلا کر مسلمان بادشاہون کے ظلم و ستم مین نمایان کمی کرا دی - باہم ہندو مسلمانون مین محبت کا تخم بو دیا جس کا پھل عہد مغلیہ اور خاصکر اکبر بادشاہ کے زمانہ مین ظاہر ہوا - دیکھو اُمرائے ہنود صفحہ ۱۳۵

(۸۴) دیکھو انسائیکلو پیڈیا برٹانیکا جلد ۵ - صفحہ ۱۹ - دی پیپل آف انڈیا از والسٹن جلد ۱ صفحہ ۲۲۴ - میمائرس آف سنٹرل انڈیا از مسٹر میلکام صفحہ ۱۶۵ - لغایتہ ۱۶۸ -

(۸۵) تاریخ سے پتہ لگتا ہے کہ مغلیہ خاندان کے عہد حکومت مین شاہجہان اور اورنگ زیب بمقابلہ دیگر حکمرانون کے ذی اقتدار بادشاہ تھے - انکی سلطنت کی وسعت سب سے زیادہ تھی ہر دو شاہان کا وزیر اعظم رائے رایان راجہ رگھناتھ داس سعد اللہ خانی ایک ماتھر کایستھ تھا - اورنگ زیب سا متعصب بادشاہ جو کسی ہندو ملازم کی تعریف مین قلم اُٹھانا ہی نہین جانتا تھا اُس نے صرف راجہ ممدوح ہی کی شجاعت اور مدبری کی دل کھول کر داد دی ہے راجہ صاحب کے خاندانی شہر دہلی مین موجود ہین جنکی اِل ککرانیہ ہے - اسی خاندان مین جو کہ ایک عرصے سے رائے جیون لال بہادر کے نام سے موسوم ہے مہاراج شیوراج دھرم ونت آصف جاہی اور راجہ اندر کرن بہادر رو ساء حیدر آباد ہین - دیکھو دی ٹو ٹریٹیوز آن

میوشی از مسٹر میڈکاف - اور امرار ہنود صفحہ ۳۰۵

جس طرح کہ اوپر وزیر اعظم رائے رایان راجہ گنگا ستھر داس کی سیکڑون مین سے ایک مثال پیش کی گئی ہے اسی طرح مونس الدولہ عمدۃ الملک راجہ ٹوڈرمل بادشاہ اکبر اعظم کے مشیر اعلیٰ اور مالی وزیر کا تذکرہ بھی ضروری ہے اس وجہ سے کہ آپکی قومیت و نسب کے متعلق مورخین کے مابین اختلافات ہے دراصل راجہ صاحب ممدوح کایستھ بھٹناگر تھے آپکی وستہ ال تھی - اکبر کے زمانہ سے پہلے آپکے مورث شاہان گجرات کے دربار مین جلیل القدر عہدہ پر سرفراز تھے - عدم واقفیت کے باعث بعض مورخین نے راجہ ممدوح کو کھتری قوم سے تصور کیا ہے - کیونکہ

۱ - شہنشاہ مغلیہ مین ایک راجہ ٹوڈرمل اور بھی ہوئے ہین جو کہ شاہجہان کے دربار مین باوفا افسر تھے اور جنکی بابت ہنوز تحقیق نہین کہ وہ کس قوم سے تھے - دیکھو امرار ہنود

۲ - صوبجات گجرات اور بنگال مین جہانکہ راجہ ٹوڈرمل عمدۃ الملک کو بہت عرصہ تک رہنا پڑا تھا آپکو عام لوگ وہان کایستھ ہی مانتے اور کہتے چلے آرہے ہین - دیکھو گجراتی ٹیکسٹ بک نمبر ۵ مجوزہ سررشتہ تعلیم - احاطہ بمبئی سبق ۱۱ صفحہ ۱۳۷ - اور ٹوڈر نند نامی سنسکرت کتاب کلکتہ -

۳ - مسلمان مورخون نے بلا کسی تخصیص کے لفظ کھتری چھتریون کے معنی مین استعمال کیا ہے چنانچہ سیر المتاخرین وغیرہ مستند کتب مین لفظ کھتری کایستھون کے لیے لکھا گیا ہے دیکھو - دی چھتریاز اینڈ وڈلی چھتریاز از کنور جھید اسنگھ ورما صفحہ ۱ لغایت ۵

اور سیر المتاخرین - ترجمہ انگریزی جلد دوم صفحہ ۵۴ اور جلد سوم صفحہ ۴۹ -

۴ - مولانا آزاد مؤلف کتاب دربار اکبری نے عمدۃ الملک راجہ ٹوڈرمل کے کھتری ہونے کا صرف یہ ثبوت دیا ہے کہ "پنجاب کے پرانے بھاٹون کی زبانی معلوم ہوا کہ راجہ ممدوح قوم کے کھتری اور گوتر کے ٹنڈن تھے" - مگر اسی صوبہ کے کپتان بنگلے صاحب اپنی ڈوگرانامی کتاب کے صفحہ ۹۴ پر انکو برہمن لکھتے ہین - کرنل ٹاڈ - راجستھان کی جلد اول صفحہ ۴۸۵ پر اگروال بنیہ بتاتے ہین - گلیڈون صاحب کے آئین اکبری کے ترجمہ مین جو بہت پرانی کتاب ہے کوئی قومیت درج نہین - اس سے صاف طور پر عیان ہے کہ مورخین مذکور مین سے کوئی بھی اصلیت کو نہ پہونچ سکا -

۵ - احمد شاہ ابدالی بادشاہ کابل ۱۷۶۱ء کے قریب نہایت جستجو کے بعد راجہ بیربل اور عمدۃ الملک راجہ ٹوڈرمل کے خاندانیون کو کابل لے گیا تھا - چنانچہ آج تک ہر دو خاندان کے لوگ وہان پر موجود ہین - راجہ بیربل کے خاندان مین دیوان نرنجن داس ہین اور راجہ ٹوڈرمل عمدۃ الملک کی نسل مین منشی گنگا رام - سندر داس اور آیا رام ہین -

علاوہ دلایل بالا کے عمدۃ الملک راجہ ٹوڈرمل کا کایستھ قوم سے ہونا بہت سی کتب سے ثابت ہے چنانچہ چند حسب ذیل ہین - دیکھو

ہسٹری آف انڈیا از مسٹر الفنسٹن صفحہ ۴۹۸ - ۵۱۰ - ۵۱۹ - ۵۴۴ - ترجمہ اکبر نامہ نمبر ان انگریزی از مسٹر حامد - کایستھ متر یہ جلد دوم از لالہ گنپت رائے نادر

(۸۹) دیکھو رپوٹ آل انڈیا - کایستھ کانفرنس منعقدہ کلکتہ بابت ۱۹۱۳ء صفحہ ۵۶ -

(۹۰) راجہ گنیش۔ جوکہ دیناج پور کا مشہور راجہ تھا ۱۳۸۵ء مین سلطان شمس الدین دوم والیٔ
بنگال کے خلاف اُٹھ کھڑا ہوا اور سلطان کو شکست دیکر صوبہ بنگال کا خودمختار حاکم ہوگیا اور کئی
نسلون تک اسکے خاندان مین حکومت رہی موجودہ مہاراجگان ریاست دیناج پور اسکی
اولاد مین سے ہین۔ دیکھو امپیریل کارونیشن دربار دہلی ۱۹۱۱ء جلد دوم صفحہ ۲۵۴ لغایتہ ۲۵۵
اور تاریخ بنگال از مسٹر اسٹوارٹ صفحہ ۱۰۷ ۔لغایت ۱۰۸ ۔

(۹۲) پرتاپ آدت۔ جیسور واقع بنگال کا حاکم تھا یہ ایک تربیت یافتہ اور جرّار لشکر
رکھتا تھا۔ جب یہ بنگال کا خودمختار حاکم بن بیٹھا تھا۔ اُسوقت اکبر اعظم نے یکے بادیگرے
پچیس ۲۵ فوجین اسکے مقابلے مین روانہ کین مگر سب برباد کردی گئین۔ آخری مقابلہ مین بھیا نند
ایک دغاباز برہمن کی نمکحرامی کے باعث راجہ مان سنگھ سے شکست کھاکر گرفتار ہوگیا۔
جب اسکی رانی راجیشوری کو پرتاپ کی اسیری کی خبر ملی۔ فوراً ایک کثیر فوج لیکر مان سنگھ
سے جنگ آزما ہوئی اور صرف ان شرائط پر صلح کرلی کہ جیسور مین لوٹ مار نہ کی جائے۔ اور رانی کو
اپنے خاوند کی خدمت کے لیئے ہمراہ جانے کی اجازت دی جائے چنانچہ جب بنگال کا ہیرو
بنارس پہونچا اُسکا انتقال ہوگیا اور رانی ستی ہوگئی مہاراجہ ممدوح کے خاندانی تا ہنوز سُندر
بن مین موجود ہین۔ دیکھو پروسیڈنگز آف دی ایشیاٹک سوسائٹی آف بنگال بابتہ دسمبر ۱۸۶۸ء
اور ہندو کاسٹس اینڈ سیکٹس از پنڈت جگیندر ناتھ بھٹاچاریہ صفحہ ۱۷۵ لغایت ۱۷۶

(۹۶) سیتارام۔ کُل بنگال کا خودمختار راجہ ہوگیا تھا۔ مگر اپنے سالے گنگا رام کی دغابازی
کے باعث ۱۷۱۲ء مین آزادیٔ قوم ہنود کے لیئے لڑکر مارا گیا۔ دیکھو۔ کلکتہ ریویو جلد ۴۳

صفحہ ۸۰ اور سیتا رام نامی کتاب از بابو بنکم چندر چٹرجی -

(۹۹) راجپوتانہ کے کایستھ پانچولی یا پنچولی ٹھاکر کہے جاتے ہین کیونکہ یہ لوگ پانچال دیش سے جاکر وہان آباد ہوئے تھے تاریخ راجپوتانہ پنچولی کایستھون کے کارنامون سے بھری ہوئی ہے مثلاً چند واقعات بالاختصار درج کیے جاتے ہین -

سنہ ۱۵۱۲ بکرم مین پنچولی کھیم سنگھ جبار یا ماتھر کایستھ بادشاہ غیاث الدین کیطرف سے شہر کھاتو اور ناگور کا صوبہ دار تھا - چونڈا جی راٹھور نے جسونت قلعہ منڈور کو زبردستی جبراً لے لیا تھا اور شاہ دہلی کیطرف سے اُسپر فوج کشی ہونے والی تھی تب پنچولی کھیم سنگھ ہی نے بجائے حملہ آوری کے اپنی حکمت عملی سے چونڈا جی مذکور کو معافی دلوائی جس سے راٹھورون کا قبضہ اور استحقاق مارواڑ کی ریاست پر قائم رہا -

جسونت اورنگ زیب نے دہلی مین مہاراجہ جسونت سنگھ کی رانی اور شیرخوار بچے راجا اجیت سنگھ کو کابل سے واپسی پر قید کر لیا تھا اُس وقت پنچولی کیسری سنگھ ہی تھا جس نے رانی اور بچے کو شاہی قید خانہ سے رہا کیا اور خود لڑکر مارا گیا -

پنچولی ہری کشن اور پنچولی رگھناتھ نے ۱۹ سال تک اورنگ زیب سے جنگ جاری رکھی اور بالآخر قوت بازو سے ریاست جودھپور کو خود مختار بنا دیا -

غدر راجپوتانہ کے زمانہ مین پنچولی پنچائن جی نے حکمت عملی سے اورنگ زیب اور اُسکے لڑکے اکبر کے باہم جھگڑا کرا دیا جسکا نتیجہ یہ ہوا کہ راجپوتون کے مقابل اورنگ زیب کو زک اٹھانا پڑی - دیکھو تاریخ اجیت بلاس از مہاراجہ اجیت سنگھ اور جنتری منشی

دیبی پرشاد صاحب مورخ راجپوتانہ بابت سنہ ۱۹۰۰ء سنہ ۱۹۰۱ء سنہ ۱۹۰۲ء

(۱۰۰) منصور جنگ مہاراجہ شتاب رائے بہادر سکسینہ کایستھ تھے۔ اور منجانب ایسٹ انڈیا کمپنی صوبہ بہار اور اڑیسہ کی گورنری پر ممتاز تھے۔ جسوقت کہ شاہ عالم شجاع الدولہ اور میر قاسم پٹنہ پر حملہ آور ہوئے تھے اس وقت اس جنگ کی فتحیابی کا سہرا آپکو ہی سر رہا۔ چنانچہ بعد کامیابی خاک و خون میں آلودہ آپ اہل فرنگ کے روبرو پیش ہوئے تو سبنے بالاتفاق حسب ذیل الفاظ بلند آواز سے فرمائے۔

ہم نے کسی اہل ہند کو کبھی اسطرح سے لڑتے نہیں دیکھا۔ آپکے خاندان کے بہت اصحاب یکے بعد دیگرے اس صوبہ کی گورنری پر سرفراز رہے۔ گورنمنٹ کو آپکے خاندان کا اعزاز اس درجہ ملحوظ خاطر ہی کہ دربار کے موقع پر والئے ریاستان ہند اپنے برابر کی کرسی اس خاندان کے مہاراجگان کو عطا فرماتے ہیں دیکھو۔

ایسے سیر آف لارڈ میکالے آن وارن ہیسٹنگز صفحہ ۶۱۳۔ اور ہندو کاسٹس اینڈ سیکٹس از پنڈت جگیندر ناتھ بھٹا چاریہ صفحہ ۱۷۶ لغایت ۱۷۷

(۱۰۲) مہاراجہ نول رائے سکسینہ نواب صفدر جنگ کے نائب اور یو۔پی کے گورنر تھے۔ خدا گنج ضلع بریلی کی لڑائی میں کام آئے۔ دیکھو اودہ گزیٹیر جلد اول انٹروڈکشن صفحہ ۴۲

(۱۰۳) بالاجی اوجی کے حالات۔ دیکھو ہسٹری آف دی مرہٹاز از مسٹر گرانٹ ڈف صفحہ ۱۶۱۔ اور کالیستھا اکھنولوجی از رابہ صاحب پنڈت نگیندر ناتھ باسو صفحہ ۹۰

(۱۰۴) مہاراج شیواجی کی فوج میں قریب قریب سب پربھو اور بیول کایستھ ہی تھے

۳۲۴۳۰

میول کا بسنے فوج مین اور پربھو تمام قلعہ جات وغیرہ کے کمانڈر اور گورنر تھے۔ اس بات کے بین
علاوہ تاریخہائے ماضی کی شہادتون کے حکمرانان زمانہ حال کی بھی قابل قدر تحریرین موجود
ہین جیسا کہ سر جیمس کیمپل صاحب گزیٹیر بمبئی جلد ۱۳ حصہ اول بابتہ ضلع تھانہ کے صفحہ ۸
لغایتہ ۸۹ پر رقمطراز ہین کہ "شیواجی کا بسنے پربھوؤنکو از حد پسند کرتا تھا۔ اور یہ لوگ
ستارا۔ کولھاپور۔ ناگپور اور بڑودہ کے دربارون مین اعلیٰ سے اعلیٰ مناصب پر ممتاز تھے
ایک مرتبہ شیواجی نے تمام برہمنون کو برخاست کر دیا تھا اور اُنکی جگہو نپر پربھو کا بسنھون کو
مقرر کیا تھا" اسی طرح رپوٹ مردم شماری بابت سنہ ۱۹۰۱ع کی جلد اول کے انتھنوگرافک
اپنڈکس صفحہ ۸۸ پر مرقوم ہے کہ "اس فرقہ کا بسنھو نے لاثانی بہادری - مدبری وفاداری
اور ہوشیاری مرہٹونکے عہد حکومت مین دکھلائی تھی واقعی یہ ایسے اوصاف ہین جنکے
لیئے یہ فرقہ خصوصیت سے مشہور چلا آیا ہے یہ فرقہ شیواجی اور اُنکے جانشینونکی خاص قوت تھا
مرار باجی دیش پانڈے۔ وشواس راؤ ناناجی - بالاجی اوجی - داداجی رگھناتھ اور ایسے
ہی بہت سے دیگر سردار شیواجی کے مشہور و معروف ملٹری اور سول افسر تھے - بالاجی اوجی
شیواجی کا خاص سیکرٹیر اور وزیر تھا۔ شیواجی اس فرقے سے خاص دلچسپی رکھتا تھا"
(۱۰۷) باجی مرار - پورندھر کے قلعہ کا گورنر تھا اور اس کو نہایت بہادری کی ساتھ دلیرانہ
سے بچائے رہا گو آخر میدان جنگ مین کام آیا - دیکھو "شیواجی" از پروفیسر جادوناتھ سرکار
صفحہ ۱۳۱ لغایتہ ۲۳۲ -
باجی پربھو جسوقت شیواجی کو بیشمار بیجاپوری افواج نے پاون گھاٹی مین گھیر لیا تھا اسوقت

اس سردار نے انہیں حرف نہ آنے دیا گو خود میدان میں کام آیا۔ دیکھو بھارت کی پراچین جھلک (کاشی) جلد دوم صفحہ ۲ لغایتہ ۲۵۔

(۱۰۹) کھانڈے بلال۔ دیکھو دی رائز آف دی مرہٹہ پاور از راناڈے صفحہ ۱۸۲

(۱۱۰) چڑناگ جے انت۔ دیکھو ہسٹری آف دی مرہٹاز از مسٹر گرانٹ ڈف۔ جلد دوم۔ صفحہ ۲۳۲ لغایتہ ۲۳۴۔

(۱۱۲) شنکر جی۔ مادھاجی۔ ان سرداروں کی بابت مسٹر راناڈے یوں لکھتے ہیں کہ ان ہی محب وطنوں نے مصائب سے نڈر ہو کر قومی آزادی کو حاصل کیا اور جنجی میں مرہٹی حکومت قائم کرائی۔

(۱۱۳) بابا جی۔ آپا جی۔ دیکھو بمبئی کے کائستھ پربھو۔ از راؤ بہادر بی۔ اے گپتے صفحہ ۱۹ لغایتہ ۲۰

(۱۱۵) مہاراجگان شیو کرشن۔ درلبھ رام۔ شتاب رائے۔ گنگا گوبند سنگھ وغیرہ نے سلطنت انگلشیہ کو ہندوستان میں قائم کرانے میں زیادہ حصہ لیا۔ دیکھو۔ رپوٹ آل انڈیا کائستھ کانفرنس منعقدہ کلکتہ ۱۹۱۲ء صفحہ ۵۴ لغایتہ ۵۸۔ اور تاریخ بنگال از مسٹر اسٹوارٹ

(۱۲۰) سوامی وویکانند جن کا نام نریندر ناتھ دت تھا، بنگال کے دت یعنی شکیسنہ کائستھ خاندان کے گریجویٹ تھے آپ نے امریکہ۔ انگلینڈ۔ جاپان وغیرہ میں ویدانت کی اشاعت کی۔ شمالی امریکہ میں آپ کے بہت سے پیرو ہیں۔ دیکھو۔ انڈین نیشن بلڈرس جلد دوم صفحہ ۱۷۷ لغایت ۱۷۹

(۱۲۴) بھوپیندر ناتھ باسو۔ دیکھو انڈین ریویو بابتہ اکتوبر ۱۹۲۴ء صفحہ ۶۱۶

(۱۲۹) کرنل سریش چندر داس نندیا واقع بنگال کے ساکن تھے۔ آپ نے امریکہ میں ریاست برازیل کی طرف سے ریاست میکسیکو کو فتح کیا تھا۔ دیکھو۔ سوانح عمری صاحب موصوف از مسٹر

یخ - دت سیکرٹری انڈین سولجرس بورڈ شملہ

(۱۳۵) راجہ جیندر لال متر علم تاریخ کا سب سے بڑا محقق اور پہلا ہندوستانی تھا جسکو ایل ایل ڈی کی آنریری ڈگری عطا ہوئی تھی اور جو ایشیاٹک سوسائٹی کا پریسیڈنٹ مقرر ہوا تھا۔ راجہ موصوف کو ہندوستانیوں کا ملک العلماء اور مغربی ماہرین کا سرتاج لکھا ہے" دیکھو امپی ٹینٹ انڈینس آن انڈین پالیٹکس از مسٹر چیرکہ صفحہ ۱ لغایت ۴۱۔

(۱۳۶) منشی کالی پرشاد کلبھاشکر نے الہ آباد میں کایستھ پاٹھ شالہ قائم کی تھی۔ اور کایستھ اتہاس کے مولف تھے۔ آپکی سوانح عمری کایستھ سجن چرتر میں موجود ہے۔

(۱۴۰) مسٹر آپاجی شنکر پیشے۔ آپ آجکل امریکہ ریاستہائے متحدہ میں وارد ہیں پہلی ہندوستانی موجد ہونے کا فخر آپ ہی کو حاصل ہے۔ بہت سی مشینیں ایجاد کرکے بڑے بڑے انعامات حاصل کیے ہیں۔ دیکھو ٹائمس آف انڈیا انجنیرنگ جرنل جلد ۱۵ نمبر ۱ بابتہ جون ۱۹۱۷ء صفحہ ۸ لغایت ۹۔

سر جگدیش چندر بوس۔ آپ علم سائینس کے یکتا عالم اور محقق ہیں آپکے انسٹی ٹیوٹ واقع کلکتہ میں تمام دنیا کے طلبار سائینس سیکھنے آتے ہیں

(۱۴۴) ہر بلاس ایم اے یا ٹنر کایستھ دہلی کے باسی ہیں اور آجکل ریاست ٹیاٹن واقع یورپ میں وارد ہیں۔ آپکے حافظہ کا امتحان ایک مرتبہ بمقام لاہور افسران کے روبرو ہوا تھا۔

نوٹ ۱۔ اشعار ۱۲۳، ۱۳۱، ۱۳۲، ۱۳۳، ۱۳۴، ۱۳۷ میں جن مرحوم اصحاب کا ذکر ہے انکی علحدہ سوانحعمریاں موجود ہیں۔ نیز انکے حالات انڈین نیشن بلڈرس نامی کتب میں بھی موجود ہیں

نوٹ ۲۔ اشعار ۱۲۷، ۱۴۲، ۱۴۳، ۱۴۶، ۱۴۷، ۱۴۹۔ اور ۱۵۳ میں جن اصحاب کی تعریف کیگئی ہے وہ بقید حیات ہیں اورکافی شہرت رکھتے ہیں (۱۵۴) رشیوں کا انبار۔ دیکھو آئینہ

ویدـ ڈاکٹر حکیمون کو رخصت کیجئے

پاروارک بکس

خریدیئے! خریدیئے!! خریدیئے!!!

گھر بیٹھے ہی حکیم۔ ڈاکٹرون کی فیس بچاکر خود بخود علاج کر لیجئے گا۔ اس بکس مین اچانک گھر پر آنے والی بیماریون کی حکمی دوائین ہین مثلاً ہیضہ پلیگ۔ کان درد۔ دانت درد۔ پھوڑا پھنسی۔ سانپ بچھو اور بچون کی تمام بیماریون اور تمام مرضون کی جو کہ اچانک ہو جاتے ہین انکی مجرب قریب بیس دوائین ہین سفر مین یہ بکس آپکو سچے بھائی کا کام دیگا۔ گاؤن مین پورے ڈاکٹر کی کمی کو پورا کرے گا۔ ایسی مفید چیز ہر ایک گھر پر ہونی چاہیئے نہایت ضروری ہے ایسی عمدہ اشیار کی قیمت صرف پانچ روپیہ ہے۔

ایجاد کردہ
رنجیت سنگھ وید بھوشن ودیا شاستری

مالک کمپنی
ڈاکٹر ویش پال عرف نتھو لال ورما
ایم۔بی۔ایم

پتہ۔ ڈاکٹر ڈی۔ پی۔ ورما ایم پی۔ ایم پی مالک ورمن اینڈ کو بریلی
(یو پی)

نوٹس

کالستھ قوم کی گذشتہ اور موجودہ عظیم الشان زندگی کے مفصل حالات پڑھنا ہو تو بابو گوپی ناتھ سنگا ورمن ستور کی تاریخ قوم کالستھ کا حصہ اول اور دوم دیکھئے۔

صاحب موصوف کی مندرجہ ذیل کتب زیر تیاری اور زیر طبع ہیں پہلے سے خریدار بننے والوں کو رعایتی قیمت پر ملجاوینگی

کتب انگریزی

(۱) اے ہیپ انڈوی اوریجن۔ اسٹیٹس۔ اینڈ ہسٹری۔ آف دی کالستھا ندیا از ٹائم ون اینڈ
(۲) ہائی اسکول جیوگرافی۔
(۳) ہائی اسکول ہسٹری آف انڈیا اینڈ انگلینڈ۔
(۴) ان سین پیسیجز فار ہائی اسکول اسٹوڈینٹس

کتب اردو و ہندی

(۵) تاریخ ہند حصہ اول۔ ہندوؤں کا زمانہ حصہ دوم مسلمانوں کا عہد۔ حصہ سوم انگریزوں کی حکومت
(۶) جغرافیہ حصہ اول۔ جغرافیہ طبعی۔ حصہ دوم جغرافیہ ہندوستان۔ حصہ سوم جغرافیہ عالم
(۷) تاریخ اسلام
(۸) تاریخ نیپال۔

(نوٹ) اس کمپنی سے مختلف قومی و مذہبی و دیگر کتب وادویات بھی رعایتی قیمت پر مل سکتی ہیں

ملنے کا پتہ

پتہ ڈی پی ورمن اینڈ کو متصل چوکی لوہ بازار انگولہ بریلی

DUE DATE
